بیان

بِل 71 پاس ہوگیا: وزیرکاپنگ (Copping) کی طرف سے بیان

21 اپریل، 2021ء

وزیرِ محنت اور امیگریشن جیسن کوپنگ (Jason Copping) نے بِل 71 کی منظوری کے بارے میں مندرجہ ذیل بیان جاری کیا: ایمپلائمینٹ کے معیارات (کووِڈ ویکسینیشن رخصت) ترمیمی ایکٹ، 2021ء:

"چونکہ ہمارے صوبے کا ویکسین پروگرام زیادہ سے زیادہ البرٹنز کو حفاظتی ٹیکے لگانے کا کام جاری رکھے ہوئے ہے، اسلئے ہم جانوں اور ذریعہ معاش کا تحفظ کرنے کیلئے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں۔

"البرٹا کی حکومت نے قانون سازی کی ہے جس میں روزگار کے معیارات کے ضابطے میں ترمیم کی گئی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ کام کرنے والے البرٹنز کو ہر کووِڈ-19 کی ویکسین لگوانے کیلئے تنخواہ اور محفوظ ملازمت کی چھٹی تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے۔

"یہ قانون پاس کرکے، ہم البرٹا کے ورکرز کو حفاظتی ٹیکے لگوانے میں رکاوٹوں کو کم کررہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ کسی بھی البرٹن کو حفاظتی ٹیکے لگوانے اور روزی کمانے کے درمیان کسی ایک کا انتخاب نہیں کرنا پڑے گا۔

"21 اپریل سے مؤثر، ہرکام کرنے والا البرٹن کووِڈ-19 ویکسین کا ہر ٹیکہ لگوانے کیلئے تین گھنٹے تک تنخواہ، محفوظ ملازمت کی چھٹی تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔ ملازمت کی حیثیت یا ملازمت کی طوالت سے قطع نظر، تمام ملازمین اہل ہیں۔

"ہم تمام ملازمین اور ایمپلائرز پر زور دیتے ہیں کہ جب وہ کووِڈ-19 حفاظتی ٹیکوں کی چُھٹیاں شیڈول کررہے ہوں تو مِل کرکام کریں۔

"یہ کرنا ہی صحیح ہے اور ہم اپنی معاشی بحالی کو یقینی بنانے کے دوران البرٹنز کے جان و مال اور معاش کے تحفظ کیلئے جرات مندانہ اقدامات کو جاری رکھیں گے۔"

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 ویکسینیشن کی ادائیگی شدہ چُھٹی فراہم کرنا
- بِل 71: ایمپلائمینٹ کے معیارات (کووِڈ-19 ویکسینیشن رخصت) ترمیمی ایکٹ، 2021ء
- کووِڈ-19 ویکسین کی معلومات

میڈیا انکوائریز

جوزف ڈاؤ (Joseph Dow)
780-983-8714
پریس سیکریٹری، لیبر اینڈ امیگریشن